**16.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... نتیکا تیاگی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ انتخابی کمیشن نے اسمبلی انتخابات سے قبل مغربی بنگال میں چار اعلیٰ پولیس افسروں کا تبادلہ کردیا ہے۔

☆ بہار، اوڈیشہ اور ہریانہ میں راجیہ سبھا کی گیارہ سیٹوں کیلئے پولنگ ہورہی ہے۔

☆ وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ سرکار SC، ST اور چھوٹا کاروبار کرنے والی خواتین کو مزید فائدے پہنچانے کی خاطر نئی طرز پر اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم کا آغاز کرے گی۔

☆ اور...... مغربی ایشیا میں کشیدگی بڑھتی جارہی ہے۔ امریکہ-اسرائیل اتحاد اور ایران کے درمیان حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ دبئی بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے نزدیک ڈرون حملے کے بعد زبردست آگ لگ گئی۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ECI-WB TRANSFERS**

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں چار اعلیٰ پولیس افسروں کا تبادلہ فوری طور سے کردیا ہے۔کمیشن نے ریاست کے ڈائریکٹر جنرل پولیس، اصلاحی خدمات کے DG، امن وقانون شعبے کے ADG اور کولکاتا پولیس کے کمشنر کے تبادلے کا حکم دیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے 1992 بیچ کے IPS افسر سدھ ناتھ گپتا کو مغربی بنگال کا نیا ڈائریکٹر جنرل پولیس مقرر کیا ہے۔ 1996 بیچ کے IPS افسر اجے کمار نند کو کولکاتا پولیس کا کمشنر متعین کیا گیا ہے۔

انتخابی کمیشن نے این-رمیش بابو کو اصلاحی خدمات شعبے کا ڈائریکٹر جنرل مقرر کیا ہے، جو1991 بیچ کے IPS افسر ہیں۔ اِس کے علاوہ 1995 بیچ کے IPS افسر اجے مُکند Ranade کو امن و قانون شعبے کا ADG متعین کیا گیا ہے۔×

**RAJYA SABHA KIREN RIJIJU**

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ آئینی اداروں کو نشانہ بنانا ترنمول کانگریس TMC اور کانگریس پارٹی کی عادت بن گئی ہے اور اِن اداروں کی آئینی اتھارٹی سے متعلق معاملات کا سرکار یا پارلیمنٹ سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ جناب رجیجو نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات سے قبل چناؤ کمیشن کی جانب سے ریاست میں اعلیٰ افسروں کے تبادلے کے معاملے پر تلخ بحث و تکرار کے دوران راجیہ سبھا میں ترنمول کانگریس کے واک آؤٹ کے بعد یہ بات کہی۔

انتخابی کمیشن کے فیصلے کو صحیح ٹھہراتے ہوئے جناب کرن رجیجو نے کہا کہ ایک آئینی ادارے سے متعلق معاملہ اُٹھایا جارہا ہے اور اِس کے فیصلوں میں نہ تو سرکار کا اور نہ ہی پارلیمنٹ کا کوئی رول ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ایوان میں عدالتوں اور انتخابی کمیشن جیسے اداروں کے فیصلوں پر سوال اٹھانا ارکان کیلئے مناسب نہیں ہے۔ جناب رجیجو نے الزام لگایا کہ اپوزیشن کے اِس طرح کے طرزِعمل کی وجہ سے پارلیمنٹ کا بیش قیمت وقت ضائع ہوتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ایسے معاملات پر ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ نہیں ڈالی جانی چاہئے، جو اُس کے دائرۂ کار سے باہر کے ہیں۔×

**RAJYA SABHA ELECTION BIHAR**

بہار میں راجیہ سبھا کی پانچ سیٹوں کیلئے ووٹنگ جاری ہے، جو سہ پہر چار بجے تک جاری رہے گی۔ اوڈیشہ میں بھی راجیہ سبھا کی چار سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہورہی ہے۔ پانچ امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ اِدھر ہریانہ میں بھی راجیہ سبھا کی دو سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہورہی ہے۔ ووٹوں کی گنتی شام پانچ بجے شروع ہوجائے گی۔×

**LS-SITHARAMAN**

سرکار پورے ملک میں درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبیلوں اور چھوٹا کاروبار کرنے والی خواتین کو مزید فائدے پہنچانے کی خاطر نئی طرز پر اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم کا آغاز کرے گی۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم گزشتہ سال مارچ میں ختم ہوگئی تھی۔ یہ اپریل 2016 میں شروع کی گئی تھی۔

محترمہ سیتارمن نے کہا کہ نیتی آیوگ اور دیگر محکموں نے مذکورہ اسکیم کا جائزہ لیا ہے اور مستفید ہونے والے افراد کو مزید فائدے پہنچانے کی خاطر اِسے نئے سرے سے تیار کیا جارہا ہے۔ اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم کا مقصد قرض لینے والے SC یا ST افراد اور سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکوں کی ہر بینک شاخ میں قرض لینے والی کم از کم ایک خاتون کو دس لاکھ روپے سے لے کر ایک کروڑ روپے تک بینک قرضوں میں سہولت پیدا کرنا ہے۔×

**RAJYA SABHA LPG CRISIS**

راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے-پی-نڈا نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ وہ ملک میں **LPG** کے مبینہ بحران پر سیاست کررہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ موجودہ بحران بھارت کی وجہ سے نہیں ہے اور نہ ہی اِسے پیدا کرنے میں بھارت کا کوئی رول ہے۔

**S/B: Nadda**

جناب نڈا نے الزام لگایا کہ کانگریس کے ایک لیڈر کو **LPG** سلنڈرس کی ذخیرہ اندوزی کرتے ہوئے پکڑا گیا ہے اور اُن کے لیڈر عوام کو اشتعال دلانے کی کوشش کررہے ہیں۔ جناب نڈا نے اِسے انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کی سنگین صورتحال میں بھی یہ سیاست کرنے سے باز نہیں آتے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس بحران کے دوران ملک کے ساتھ کھڑا ہونے کے بجائے یہ لیڈر ملک میں صرف انتشار پیدا کرنے کیلئے یہ معاملہ اُٹھا رہے ہیں۔ اِس سے قبل وقفۂ صفر کے دوران اپوزیشن کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے نے ایوان میں **LPG** کا معاملہ اُٹھایا اور سرکار پر الزام عائد کیا کہ وہ بحران سے نمٹنے کیلئے ضروری اقدامات نہیں کررہی ہے۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ اِس بحران سے ملک میں افراتفری کا ماحول ہے اور **LPG** کی قلت ہونے سے ملک میں غریب اور متوسط طبقے کے لوگ متاثر ہورہے ہیں۔ اُنہوں نے الزام لگایا کہ اگر سرکار یہ جانتی تھی کہ **LPG** کی درآمد متاثر ہوسکتی ہے تو پہلے سے متبادل انتظامات کیوں نہیں کئے گئے۔

**S/B: Kharge**

**RS- GOGOI RETIREMENT**

راجیہ سبھا میں آج نامزد ممبر رنجن گوگوئی کو الوداع کہا گیا۔ ایوانِ بالا میں اُن کی رکنیت کی مدت آج مکمل ہوگئی۔ ایوان کی کارروائی جب دن میں گیارہ بجے شروع ہوئی تو چیئرمین سی-پی-رادھاکرشنن نے اِس بارے میں اعلان کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کے سابق چیف جسٹس رنجن گوگوئی صدرِ جمہوریہ کی جانب سے اُنہیں نامزد کئے جانے کے بعد مارچ **2020** میں ایوان سے وابستہ ہوئے تھے۔

راجیہ سبھا کے چیئرمین نے کہا کہ جناب رنجن گوگوئی اُسی پختہ عزم، دیانتداری اور خدمت کے جذبے سے مختلف انداز سے ملک کی خدمت کرتے رہیں گے، جس کا مظاہرہ اُنہوں نے اپنے پورے شاندار کریئر کے دوران کیا ہے۔×

**LS-SELF EMPLOYMENT**

سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں خود روزگار بڑھ کر **58**فیصد تک پہنچ گیا ہے، جبکہ سال **2017-18** میں یہ **52**فیصد تھا۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے لیبر اور روزگار محکمے کے مرکزی وزیر

منسکھ مانڈویا نے کہا کہ ملک کی معیشت کی شرحِ ترقی کے ساتھ ساتھ کارکنوں کی آمدنی میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہاکہ نئے لیبر کوڈ کے مطابق کم از کم اُجرت مقرر کردی گئی ہے اور سبھی ریاستوں کو اِس سے زیادہ اُجرتیں ادا کرنی ہوں گی۔ جناب مانڈویا نے کہاکہ نئے لیبر کوڈ کے نافذ ہونے کے تناظر میں ماہانہ تنخواہ حاصل کرنے والوں کو اُن کے آجر کی طرف سے تقرر نامہ دیا جائے گا، جس کے ذریعے اُن کے سماجی سکیورٹی کے فائدوں کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

**Byte: Mansukh Mandaviya**

## DUBAI DRONE STRIKE

مغربی ایشیاء میں کشیدگی بڑھتی جارہی ہے۔ امریکہ-اسرائیل اتحاد اور ایران کے درمیان حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران دبئ بین الاقوامی ہوائی اڈے پر چنندہ مقامات کیلئے ہوائی جہازوں کی پروازیں پھر شروع ہوگئی ہیں۔ آج صبح سویرے ایک ڈرون حملے کے بعد پروازیں عارضی طور پر روک دی گئی تھیں۔ ایئرپورٹ کمپلیکس کے نزدیک ایک ایندھن ٹینک ڈرون حملے کی زد میں آ گیا تھا، اس کے بعد وہاں زبردست آگ لگ گئی اور کئی کلومیٹر دور تک آسمان میں گھنا سیاہ دھواں نظر آرہا تھا۔ دبئ کے میڈیا دفتر نے اس حملے کی تصدیق کی تھی اور اس سے پہلے مسافروں سے کہا گیا تھا کہ وہ ہوائی اڈے پر نہ آئیں۔

اِدھر ابوظہبی حکام نے ایک سیویلین گاڑی پر میزائل حملے کے واقعے کی تصدیق کی ہے، جس میں ایک فلسطینی شہری مارا گیا۔

ایران نے یہ وارننگ جاری کی ہے کہ دبئ اور دوحہ میں مزید حملے کئے جاسکتے ہیں۔×

## US-ALLIES HORMUZ

جاپان، آسٹریلیا اور برطانیہ نے کہا ہے کہ آبنائے ہُرمز کو محفوظ بنائے رکھنے میں مدد کیلئے اُن کا اپنے بحری جہاز وہاں بھیجنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اِس سلسلے میں اتحادی ملکوں پر دباؤ ڈالتے رہے ہیں۔ جاپان کی وزیراعظم **Sanae Takaichi** نے کہا ہے کہ سرِدست بحری فوج کے جنگی جہاز وہاں تعینات کرنے کا اُن کے ملک کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔آسٹریلیا نے کہا ہے کہ وہ اپنے بحری جہاز وہاں تعینات نہیں کرے گا۔ آسٹریلیا کی وزیر **Catherine King** نے کہا ہے کہ کوئی باضابطہ درخواست نہیں کی گئی ہے۔

اُدھر جنوبی کوریا نے کہا ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ اِس معاملے پر بات چیت کررہا ہے، لیکن اِس طرح کا کوئی بھی قدم پوری احتیاط سے جائزہ لینے کے بعد ہی اٹھایا جائے گا۔ برطانیہ کے وزیراعظم **Keir Starmer** نے صدر ٹرمپ کے ساتھ آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے کے بارے میں بات چیت کی ہے اور مغربی ملکوں کی طرف سے تال میل قائم کرکے کسی طرح کی کارروائی کیلئے کناڈا کے وزیراعظم **Mark Carney** کے ساتھ بھی صلاح مشورہ کیا ہے۔×

**PM-MATUA MELA**

سینئر BJP رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی نے متوا دھرم میلے کے تمام عقیدتمندوں اور شرکاء کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، اُنہوں نے کہا کہ مذکورہ میلہ Purna Brahma شری شری ہری چند ٹھاکر سے وابستہ ہے، جن کے افکار اور تعلیمات متعدد لوگوں کیلئے طاقت اور امید کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متوا ثقافت کی مالامال اور رنگا رنگ روایات گہری روحانی طاقت اور مساوات کے تئیں اٹوٹ عہدبستگی کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ دہائی کے دوران، مرکزی حکومت متوا برادری کی فلاح وبہبود، وقار اور انہیں بااختیار بنائے جانے کیلئے عہدبستہ رہی ہے۔×

**FACT CHEK GEN MANOJ PANDE**

سرکار نے سوشل میڈیا پر دکھائے جانے والے ایک ویڈیو کو غلط قرار دیا ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ فوج کے سابق سربراہ جنرل منوج پانڈے ریٹائرڈ نے بھارتی فوج کے خلاف بیانات دیئے ہیں۔ پریس انفارمیشن بیورو PIB کے حقائق کا پتہ لگانے والے یونٹ نے بتایا ہے کہ یہ ویڈیو AI کی مدد سے تیار کیا گیا Deep Fake ہے۔

PIB کے یونٹ نے کہا ہے کہ فوج کے سابق سربراہ نے اِس طرح کا کوئی بیان نہیں دیا۔ PIB نے مزید کہا کہ پاکستان کے پروپیگنڈہ اکاؤنٹس لوگوں کو گمراہ کرنے اور بھارتی مسلح افواج پر اعتماد کو کمزور کرنے کیلئے جوڑ توڑ سے تیار کئے گئے اِس طرح کے ویڈیو سرکولیٹ کررہے ہیں۔ سرکار نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ خبروں پر یقین کرنے یا اُنہیں شیئر کرنے سے پہلے قابلِ بھروسہ ذرائع سے اِن کی تصدیق کرلیں۔×

**PREZ VP-PM ODISHA FIRE INCIDENT**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی-پی-رادھاکرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے اوڈیشہ کے شہر کٹک میں ایک اسپتال میں آگ لگنے کے واقعے میں لوگوں کی اموات پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ نائب صدر سی-پی-رادھاکرشنن نے بھی زخمیوں کی جلدصحتیابی کی دعا کی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اُن لوگوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے، جن کے ارکانِ خاندان کی اِس واقعے میں موت ہوئی ہے۔ جناب مودی نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو-دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان بھی کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔×

## TENNIS INDIAN WELLS OPEN

ٹینس میں کیلیفورنیا میں عالمی نمبر دو اٹلی کے Yannik Sinner نے Daniil Medvedev کو ہراکر انڈین ویلز ٹینس گارڈن میں BNP Paribas اوپن کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔ انھوں نے پچھلے 10 میچوں میں نویں مرتبہ Medvedev کو ہرایا۔

اِدھر خواتین کے زُمرے میں عالمی نمبر ایک Sabalenka Aryan نے اپنا پہلا انڈین ویلز ٹائٹل جیتا ہے۔ انھوں نے Elena Rybakina کو شکست دی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆